①

MOCK EXAM Date:

NOA-129

حمزہ عباسی

29

سوال ۲۔

# یوم جزا و سزا کا اسلامی تصور

۱) تعارف:

یوم جزا و سزا کے لئے لفظ "آخرت" استعمال ہوا ہے۔ آخرت کے معنی ہیں "بعد میں آنے والی"۔ چونکہ قیامت کا دن جزا و سزا کا دن ہوگا اسی لئے اسے آخرت کہا گیا ہے کیونکہ کسی بھی کام کا معاوضہ اس کام کے کرنے کے بعد ہی دیا جاتا ہے۔ دنیا میں انسان جو بھی کام کرتا ہے اس کا ذمہ دار وہ خود ہوگا۔ قرآن میں دنیا کی زندگی کو دھوکے سے تشبیہ دی گئی ہے۔

"اور دنیا کی زندگی تو سوائے دھوکے اور فریب کے کچھ بھی نہیں"

(القرآن)

Date: ____________

# عقیدہ آخرت کے انسانی زندگی پر اثرات

اپنے رب کے روبرو پیش ہونے کا احساس انسان کو نہ صرف برے کام کرنے سے روکتا ہے بلکہ انعام حاصل کرنے کی لگن بھی اسے اچھائی کی طرف مدعو کرتی ہے۔ عقیدہ آخرت انسانی زندگی پر کئی اثرات مرتب کرتا ہے جن میں سے چند کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے۔ ~~ارشاد ہے~~ ایمان مفصل میں عقیدہ آخرت پر ایمان لانے کو اسلام کا لازمی جزو قرار دیا گیا ہے۔

1۔ **انفرادی زندگی:**

قرآن میں یہ واضح کر دیا گیا ہے کہ کوئی کسی اور کے اعمال کا حساب نہیں دے گا اور ہر شخص اپنے کیے کا خود ذمہ دار ہو گا۔ جس دن نفسا نفسی کا عالم ہو گا اور جب کوئی کسی کی مدد نہیں کر سکے گا تو انسان کا اس وقت کا دارومدار اپنے اعمال پر ہو گا۔ جس طرح انسان جوانی میں اپنے بڑھاپے کے سہارے کا انتظام کرتا ہے اسی طرح انسان دنیا میں اپنی آخرت کی فکر کرتا ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے۔

"بے شک جو اچھائی کرے گا اسے اس کا اجر دیا جائے گا اور جو برائی کرے گا وہ اسے بھی پا لے گا۔"

(القرآن)

2)

Date:

۲- احتساب:

دنیا کا کتنا ہی بڑا حکمران کیوں نہ ہو، اس کی دنیا میں کوئی نہ کوئی کمی ہمیشہ رہے گی۔ جب کہ قیامت کے دن تمام بادشاہوں کا بادشاہ، اللہ عزوجل اپنی عدالت لگائیں گے اور انصاف کو یقینی بنائیں گے دنیا میں کی گئی تمام ناانصافیوں کا بدلہ وہاں لیا جائے گا۔ قرآن میں اللہ کا ارشاد ہے۔

ترجمہ: [ "بتاؤ! آج کس کی بادشاہی ہے؟" ]
(القرآن)

۳- عدل و انصاف:

اللہ تعالیٰ عادل ہے اور عدل کرنے والوں کو ہی پسند کرتا ہے۔ قیامت کے دن میزان عدل کا قائم ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ انسان نے دنیا میں عدل و انصاف کو یقینی بنانا ہے

ترجمہ: [ "اور تم ناپ تول میں کمی نہ کرو" ]
(القرآن)

جو رب تجارت میں بھی انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے وہ کیونکر انسانوں کو باقی معاملات میں اچھی عدل و انصاف کے پیمانوں کو برقرار رکھنے کا درس دیتا ہے۔

Date:

۴ ـ نیکی سے رغبت اور برائی سے اجتناب :

عقیدہ آخرت کا لازمی پہلو انسان کی اصلاح ہے۔ جنت میں حاصل ہونے والے تمام لوازمات کی تحریک اور جہنم کا خوف اور ڈر اسے دنیا میں اچھے کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

انسان تزکیہ نفس کے ذریعے ہی اپنا محاسبہ کر سکتا ہے۔ یہ وہ عمل ہے جس سے نہ صرف وہ اپنے لیے بلکہ دوسروں کے لئے بھی راہ ہموار کر دیتا ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے۔

ترجمہ: ”تم وہ امت ہو جو لوگوں کی بھلائی کے لیے اتاری گئی ہے۔ تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکنے والے ہو۔“

(القرآن)

۵ - معاشرے کی اجتماعی اصلاح کی ذمہ داری

انسان ایک معاشرے میں لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتا ہے اور اسی وجہ سے اسے ان لوگوں سے ایک رغبت ہوتی ہے۔ گویا وہ ان کے لیے بھی اچھے انجام کی توقع رکھتا ہے اور انھیں اچھائی کا درس دیتا ہے۔ لوگوں کو نیکی کی رغبت دیتا ہی

Date:

معاشرے کی اصلاح کی طرف پہلا قدم ہے۔

آنحضرتؐ کی تبلیغ دین میں بھی یہ بات واضح تھی کہ کس طرح پہلے گھر، پھر خاندان اور پھر معاشرے کو اسلام سے روشناس کروایا۔

[ فرد ← گھر ← محلہ ← معاشرے کی اصلاح ]

۶- زندگی کے مقصد کا حصول:

عقیدہ آخرت سے ہی انسان اپنی زندگی کا حقیقی مقصد حاصل کرتا ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اس زندگی کے بعد ہی اصل زندگی کی ابتداء ہوگی جو کہ ہمیشہ باقی رہنے والی ہے۔ اپنی آخرت کو بہتر بنانے کی لگن انسان کو نہ صرف انفرادی بلکہ اجتماعی زندگی میں بھی اچھے کام کرنے کی طرف مائل کرتی ہے۔ آخرت کو بیان کرتے ہوئے رب کائنات فرماتا ہے۔

ترجمہ [ "اور آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے" ]
(القرآن)

Date:

## حاصل سبق :

یوم جزا و سزا کے اسلامی تصور کو مدنظر رکھ کر ہی انسان ایک بہتر معاشرے کی تشکیل کر سکتا ہے کیونکہ یہ وہ عقیدہ ہے جو نہ صرف اسے اپنی انفرادی زندگی کو آخرت کے مطابق ڈھالنے کا درس دیتا ہے بلکہ اسے اپنے معاشرے کی اصلاح کی طرف بھی مائل کرتا ہے کیونکہ آخرت کی زندگی ہی ہمیشہ رہنے والی ہے

(سوال ۳)

## زکوۃ اور صدقات کا نظام

### تعارف - معنی و مفہوم

زکوۃ کے معنی بڑھنا اور نشوونما پانے کے ہیں جب کہ صدقات کے معنی عطیہ کرنے کے ہیں ۔ زکوۃ کا مقصد مال کو پاک کرنا ہے اور صدقات کا مقصد بلاؤں آفتوں اور پریشانیوں کو ٹالنا ہے

(6)

Date:

اسلام میں زکوۃ سے مراد وہ خاص مقدار جو انسان ایک مال پر سال مکمل ہونے پر کسی صاحب حق کو ادا کرتا ہے۔ اس خاص مقدار کو نصاب کہا جاتا ہے اور صاحب حق سے مراد وہ لوگ ہیں جنہیں زکوۃ دی جاسکتی ہے انھیں مصارف زکوۃ بھی کہا جاتا ہے

## نظام زکوۃ:

اسلام نے زکوۃ کا واضح اور قابل عمل نظام قائم کر دیا ہے۔ زکوۃ کے نظام کو سمجھنے کیلئے نظام نصاب اور مصارف زکوۃ کا علم ہونا لازم ہے

## نصاب:

نصاب سے مراد وہ خاص مقدار ہے جس پر سال مکمل ہونے پر زکوۃ فرض ہوتی ہے۔ اسلام نے یہ مقدار ساڑھے سات تولے سونا یا ساڑھے باون تولے چاندی کے برابر رکھی ہے اگر کسی شخص کے پاس مال کی مقدار اس قیمت کو سال پورا ہونے پر پہنچتی ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہوتی ہے۔

سونا = $7\frac{1}{2}$ [redacted] تولے

چاندی = $52\frac{1}{2}$ تولے

Date: ____________

شرح :

شرح کا مطلب ہے مال کا وہ حصہ جو زکوٰۃ کیلئے ادا کیا جائے گا۔ اسلام نے زکوٰۃ کی شرح اڑھائی فیصد مقرر کی ہے

[illegible] = %

مصارفِ زکوٰۃ :

قرآن میں مصارفِ زکوٰۃ کی تعداد 8 ہے۔

ارشاد ہے

"اور زکوٰۃ کا مال تو غریبوں، مسکینوں، عاملین، اسلام میں نئے داخل ہونے والوں، گردن چھڑانے، قرض داروں کا قرض ادا کرنے، مسافروں اور زکوٰۃ والوں کیلئے ہے"

اس آیت کے مطابق درج ذیل آٹھ مصارفِ زکوٰۃ ہیں

1- فقراء
2- مساکین
3- عاملین
4- نومسلم
5- غلام
6- قرض دار
7- ابن سبیل
8- فی سبیل اللہ -

Date: ________

# انسانی زندگی پر اثرات

چونکہ انسانی زندگی میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں اور زکوٰۃ وہ مالی عبادت ہے جس کا تعلق انسان کی نفسانی خواہش کو قابو میں کرنا ہے اس لیے اس کی اہمیت بھی زیادہ ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے معاشرے میں کئی طرح کے ردوبدل دیکھنے کو ملتے ہیں جن سے اچھائی کا حصول رونما ہوتا ہے

۱۔ زکوٰۃ کی اہمیت:

زکوٰۃ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن میں نماز کے ساتھ متعدد بار زکوٰۃ کا حکم بھی آیا ہے۔

ارشاد ہوا۔

"اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔"

(القرآن)

خلیفہ اول ابوبکرؓ کے دور میں جن لوگوں نے زکوٰۃ ادا کرنے سے انکار کیا آپؓ نے ان کے خلاف جہاد کیا۔ یہ جہاد اس بات کی علامت ہے کہ زکوٰۃ کا ادا نہ کرنا انفرادی مسئلہ نہیں بلکہ اجتماعی مسئلہ ہے اور اس نوعیت کا مسئلہ ہے کہ خلیفہ اول نے منکرینِ زکوٰۃ کے خلاف جہاد کیا۔

Date:

2. زکوٰۃ سے انکاری لوگوں کے لئے وعید:

زکوٰۃ کا انکار کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں سخت عذاب کی وعید سنائی ہے فرمایا:

"جو لوگ سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اس کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتے تو قیامت کے دن تم سونا چاندی پگھلا کر ان کے آنکھوں اور کانوں میں ڈالا جائے گا اور کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ مال جو تم جمع کرتے تھے۔ اب اس کی سزا کا مزہ چکھو"

(القرآن)

3۔ مال کا پاک ہونا:

زکوٰۃ ادا کرنے سے مال پاک ہو جاتا ہے اور اس میں برکت پیدا ہوتی ہے جس مال میں سے زکوٰۃ ادا کی جائے اس مال کو اللہ تعالیٰ اپنے خزانوں سے بڑھا دیتے ہیں اور وہ شخص کبھی مال کی تنگی محسوس نہیں کرتا۔

4۔ مال کا حرص ختم ہونا:

چونکہ زکوٰۃ بنا کسی معاوضہ

Date: ____________

کے ادا کی جاتی ہے اور بظاہر مال کم ہوتا ہوتا ہے
اسی لیے فرمایا گیا کہ زکوٰۃ سے مال پاک ہو جاتا ہے۔
اسی کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ انسان کے دل سے
مال کا حرص و لالچ ختم ہو جاتا ہے۔ زکوٰۃ
وہ مالی عبادت ہے جس کا اجر اللہ دنیا و آخرت
میں عطا کرتے ہیں

5) **زکوٰۃ و صدقات سے سود کا خاتمہ:**

چونکہ سود قرض پر
لیا جاتا ہے یا دیا جاتا ہے اور زکوٰۃ و صدقات۔ تو وہ مال
ہے جو بلا معاوضہ دیا گیا ہو تو اسے "قرضِ حسنہ"
بھی کہا گیا ہے۔ سود لینا اللہ اور رسول ﷺ کے ساتھ
اعلان جنگ ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن
میں فرمایا

"اللہ سود کو ختم کرتا اور صدقات کو بڑھاتا ہے"
(القرآن)

6. **دولت کی گردش:**

اسلام نے دولت کو کچھ ہاتھوں میں
روکنے سے منع کیا ہے اور زکوٰۃ ہی وہ عبادت ہے جس
سے مال گردش کرتا ہے۔ یوں معاشرے میں نادار
اور غریب لوگوں کی اصلاح بھی ممکن بنائی
جاتی ہے اور دولت کچھ لوگوں کے ہاتھوں میں
رہنے کی بجائے معاشرے کے حقداروں تک پہنچتی ہے

Date: ______

7- معاشی جرائم کی اصلاح:

چونکہ دولت گردش کرتی
ہے اسی وجہ سے معاشی کے مفلس لوگ بجائے اوچھے ہتھکنڈوں
کے معاشی میں رہ کر ہی بہتر مواقع تلاش کرتے ہیں
دولت کی گردش سے جرائم کا خاتمہ ممکن ہے

کارل مارکس کا کہنا ہے کہ
" معاشی میں جرائم کی وجہ معاش کا نہ ہونا ہے" -

## حاصل بحث:

زکوٰۃ ایک مالی عبادت ہے جس سے
نہ صرف معاشرے کے امراء کی روحانی اصلاح ہوتی
ہے بلکہ غرباء کی بھی کفالت ممکن بنائی جاسکتی
ہے اسی وجہ سے زکوٰۃ کو اسلامی معاشی میں
قدر و اہمیت حاصل ہے۔ معاشی سے برائیوں
کا سد باب کرنے اور دولت کی گردش کو ممکن
بنانے میں بھی ہی معاشی کی کامیابی ہے

Add sadaqah as well

# سوال # 6

## خطبہ حجۃ الوداع اور انسانی حقوق کا پہلا چارٹر

آپ نے اپنی زندگی کا پہلا اور آخری حج ۱۰ ہجری میں فرمایا۔ خطبہ حجۃ الوداع کو انسانی حقوق کا پہلا چارٹر بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں آپ نے انسانوں کے حقوق کی تفصیل بیان کی۔ ایک شخص کے حقوق کسی دوسرے کے فرائض ہوتے ہیں اور باہمی طور پر حقوق پورے تب ہی ملیں گے جب سب اپنے فرائض پورے کریں گے۔

حقوق کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے

i) حقوق اللہ۔ (اللہ کے حقوق)

ii) حقوق العباد۔ (لوگوں کے حقوق)

### انسانی حقوق

۱۔ جان و مال کا حق:

آپ نے لوگوں سے کئی مرتبہ دریافت کیا کہ آج دن کونسا ہے۔ یہ مہینہ کونسا ہے اور یہ جگہ کونسی ہے۔ جب لوگوں نے جواب

Date: ____

دیا تو آپؐ نے فرمایا

"اے لوگو! تمہاری جان اور تمہارا مال
اسی طرح مقدس ہیں جیسے یہ دن،
یہ مہینہ اور یہ شہر"
(الحدیث)

② مساوات:

اگرچہ ہجرتِ مدینہ کے بعد مواخات کا رشتہ قائم کر دیا گیا تھا لیکن آپؐ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا۔

"کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر، کسی کالے کو گورے پر اور کسی گورے ~~کالے~~ کو کالے پر کوئی برتری نہیں۔ فضیلت صرف تقویٰ کی بنیاد پر ہے"
(الحدیث)

③ عورتوں کے حقوق:

زمانہ جاہلیت میں لڑکیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا لیکن اسلام نے عورت کو عزت بخشی، اسے معاشرے میں ایک مقام دیا اور لوگوں کو اس کی قدر و منزلت سے متعارف کروایا۔ اسی پہلو کو اجاگر کرنے کیلئے آپؐ نے فرمایا۔

Date:

"لوگو! عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو
تم نے انہیں اس کے کلام سے اپنے
اوپر حلال کیا ہے۔ اگر وہ برائی سے باز
رہیں تو ان کے ساتھ حسن سلوک کرو، نان و نفقہ
کا خیال کرو۔"
(الحدیث)

(6) غائب کے حقوق:
خطبہ کے بعد آپ نے فرمایا

"جو لوگ حاضر ہیں، وہ میرا پیغام ان
تک پہنچائیں جو یہاں موجود نہیں
ہیں اور وہ پھر میرا پیغام ان تک
پہنچائیں جو دوسرے ہیں"
(الحدیث)

عورتوں کے وقار کے مطابق حکم نیز
عورتوں کے حقوق

آپ نے عورتوں کے مقام و مرتبہ کو کئی موقعوں
پر اجاگر کیا ہے۔ انسانی وقار و اہمیت کا لازمی
جزو ہونے کے ساتھ عورت معاشرے کی
تکمیل و ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتی
ہے اور اسلام نے عورت کو اس کی شناخت دلائی۔

۱۔ ماں کے حقوق۔

آپ نے ماں کی عظمت کو اجاگر کرتے ہوئے فرمایا۔

"جنت ماں کے قدموں تلے ہے"

(الحدیث۔)

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا۔

"اگر میں عشاء کی نماز کیلئے کھڑا ہوتا اور میری ماں مجھے آواز دیتی تو میں نماز چھوڑ کر ماں کی آواز پر لبیک کہتا۔

(الحدیث)

(۲) بیوی کے حقوق:

آپ نے ارشاد فرمایا۔

"لوگو! تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنے گھر والوں کیلئے بہتر ہے اور میں تم سب میں اپنے گھر والوں کیلئے سب سے بہتر ہوں"

(الحدیث)

9

Date: ______

3) بیٹی کے حقوق:

زمانہ جاہلیت کے رسم ورواج کا قلعہ قمع کر کے عورت کی تعلیم و ترقی پر زور دیا گیا۔ آپؐ نے حضرت فاطمہؓ کے ساتھ سلوک کو مثالی بنا دیا اور حضرت عائشہؓ کی تعلیم و تربیت، امت کیلئے ایک مثال قائم کرتی

4) وراثت میں حق:

آپؐ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر انسانی حقوق کو اجاگر کرتے ہوئے انھیں وراثت میں بھی عورتوں کا حق دینے کی ترغیب دی۔ اسلام نے وراثت کے اصول قائم کر دیے ہیں اور یہ خطبہ حجۃ الوداع میں اجاگر کر دیے بتا دیا ہے کہ عورت کے بغیر معاشرے کی تکمیل ممکن نہیں

5) تعلیم کا حق:

آپؐ کا ارشاد ہے۔

"تم میں سے جو شخص اپنی اولاد کو تحفہ دینا چاہے تو اسے چاہیے کہ وہ ان کے لئے تعلیم کا بندوبست کرے"

(الحدیث)

Date:

④ حسن سلوک:

آپ نے عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کی ترغیب دی۔ یہاں تک کہ بدکاری پر بھی سخت سزا دینے سے منع فرمایا۔

"لوگو اپنی عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کرو اور اگر وہ بدکاری کریں تو

"لوگو تم عورتوں کے لیے جہیز کے بھی حق دار نہیں ہو سوائے اس کے کہ وہ بدکاری کریں اور تم انھیں جھڑکو مگر ایسے کہ نشان نہ پڑنے پائے۔

القرآن

## حاصلِ سبق:

آنحضرت نے تحلیل میں دنیا کی کایا پلٹ دی اور اس میں اول فہرست پہ عورتوں کا وقار و مرتبہ ہے۔ اسلام نے عورت کو عزت بخشی، انسانوں بشمول غلاموں کو حقوق عطا کئے اور انھی پہلوؤں کو آپ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر اجاگر کیا۔

Date:

# سوال ۸

## (ب)

## اسلام میں تعلیم کی اہمیت:

اسلام نے تعلیم و تربیت پر زور دیا ہے جس کی واضح مثالیں ہمیں سیرت طیبہ سے ملتی ہیں۔ نہ صرف دنیاوی بلکہ دینی تعلیم بھی انسان کی ترقی کا راز ہے۔

① دین و دنیا کی تعلیم:

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا۔

"اور دنیا سے اپنا حق لینا نظر انداز نہ کرو"۔
(القرآن)

آیتِ قرآن سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ نہ صرف دنیاوی اور دینی تعلیم ضروری ہے بلکہ اسلام اس کی ترغیب بھی دیتا ہے۔

"اسلام میں ترکِ دنیا کا کوئی مقام نہیں"۔ (الحدیث)

Date: ____________

① معلم:

علم کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔

"بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے۔"

(الحدیث)

② مدت تعلیم:

آپؐ نے ارشاد فرمایا۔

"ماں کی گود سے لے کر قبر تک علم حاصل کرو۔"

(الحدیث)

گویا تعلیم حاصل کرنے کی کوئی عمر مقرر نہیں اور جہاں سے بھی علم حاصل ہو رہا ہو انسان کو چاہیے کہ اس سے مستفید ہو۔

حضرت علیؓ کا قول ہے

"جس نے مجھے ایک لفظ بھی سکھایا
اس نے مجھے زندگی بھر کیلئے اپنا غلام
بنایا"

Date: ______

③ جنت کے باغ:

آپ نے مسجد نبوی میں ایک علم کی محفل دیکھ کر ارشاد فرمایا:

"علم کے حلقے جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہیں"

(الحدیث)

④ جنگ بدر سے سبق:

علم کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ جنگ بدر کے پڑھے لکھے قیدی جو فدیہ ادا نہ کر سکے انھیں حکم دیا گیا کہ وہ دس دس مسلمان بچوں کو پڑھنا لکھنا سکھا کر اپنی آزادی حاصل کر سکتے ہیں۔

5

## حاصل بحث:

مطالعہ اسلام سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ اسلام نے تعلیم و تربیت و ترقی کے ساتھ جوڑا ہے۔ آپ نے خود اصحاب کو دوسری زبانیں سیکھنے کا حکم دیا تاکہ اسلام کی تعمیر و ترقی میں اضافہ ہو گویا تعلیم ہی کسی بھی قوم کی ترقی کی ضمانت ہے۔

# سوال - ۸

## (۱)

## شریعت اور ذرائع

شریعت سے مراد اسلامی قانون ہے اور آج
کے دور میں اس کے کئی ماخذ ہیں
جو ماخذ درج ذیل ہیں۔

**قرآن =**

جو احکامات اللہ نے قرآن میں دے دیے
وہ شریعت کے اولین ماخذ ہیں۔

**حدیث :**

حدیث نبوی سے جو چیز ثابت ہو جائے
وہ بھی شریعت میں آتی ہے۔ احادیث میں
کئی اقسام ہیں

قولی حدیث اور فعلی حدیث کے ساتھ ساتھ
حدیث کے صحیح ہونے کو بھی لازم ہونا ضروری ہے

Date: ____________

# Instructions to Get Good Marks in Islamiat Paper

1-Try adding at least 2-3 Arabic version of ayah

2-Go for diversification of resources e.g. From Hadith, Quran, Books, Islamic Philosophers etc.
3- Add Surah name for the Relatable Question e.g. you can add name of Surah Ahzab and Nisa in women related question

4- The sermon of Prophet PBUH can be added in any of the question as a reference as it encompassing points of all aspects

5- Use the verdicts or incidents and case studies of Khilafat Era in Political Economic and Social system of Islam

6-Balance all parts, if the question has 2 or 3 parts give equal weitage

5- Add flowcharts or Graph where you can

7- Focus more the asked part than to write irrelevant material.... read question 2-3 times so that you cannot deviated

8- Write 10-11 headings for each question

9- Go for 7-8 sides answer

Good luck